5481 ـ كيا پائلٹ بننے كے ليے داڑھى منڈوا دے ؟

سوال

ميں پائلٹ بننا چاہتا ہوں، اور تقريبا ميرى ابتدائى ٹريننگ ہو ليكن مجھے بڑى مشكل سے دوچار ہوں، اس سلسلہ ميں ميرى خواہش ہے كہ شيخ ابن عثيمين يا شيخ ابن باز رحمہما اللہ كى رائے معلوم كر لوں.
پائلٹ جو آكسيجن ماسك استعمال كرتا ہے اس كے صحيح فٹ ہونے كے ليے چہرے كے بال نہيں ہونے چاہييں، پائلٹ كے ليے ممكن نہيں كہ وہ ان حالات ميں آكسيجن يا بخار يا دھواں دور كر سكے جن ميں ماسك استعمال كرنا ضرورى ہوتا ہے " NBSP ".
ميں نے سعودى ائرلائن وغيرہ كے ذريعہ كئى بار سفر كيا ہے، اور دوسرى اسلامى ممالك كى ائر لائنوں كے ذريعہ بھى ليكن كوئى بھى پائلٹ داڑھى والا نہ تھا، بلكہ كسى بھى پائلٹ كى چھوٹى سى بھى داڑھى نہ تھى.
پائلٹوں كے ليے داڑھى كے متعلق علماء كرام كى رائے كيا ہے، كيونكہ اگر غير مسلم ہى ہوائى جہاز اڑائيں تو كيا ہم اس وجہ سے ان پر كفار كا اطلاق كر سكتے ہيں ؟

پسنديدہ جواب

الحمد للہ.

داڑھى منڈوانا جائز نہيں، اور نہ ہى داڑھى كا كوئى بال كٹوانا جائز ہے، كيونكہ رسول كريم صلى اللہ عليہ وسلم كا فرمان ہے:

" داڑھى كو زيادہ كرو "

اورايك روايت ميں ہے:

" داڑھى كو بڑھاؤ اور لٹكاؤ "

اس كے علاوہ بھى كئى ايك احاديث آئى ہيں.

مزيد تفصيل كے ليے آپ سوال نمبر (1189) كے جواب كا مطالعہ ضرور كريں.

اور پھر داڑھى والے پائلٹ بھى موجود ہيں، اور نہ ہى ہوائى جہاز اڑانے ميں داڑھى مانع ہے، چاہے مسافر ہوائى جہاز ہوں، يا لڑاكا طيارے ہوں، ان كے ليے داڑھى مانع نہيں.

اور آپ یہ علم میں رکھیں کہ انسان جس عمل پر مرتا ہے اور جس شکل میں اسے موت آئے تو وہ اسی شکل اور عمل پر میدان محشر میں اپنی قبر سے اٹھےگا، ان شاء اللہ جب آپ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کے صحابہ کرام اور مومنوں کے ساتھ اٹھائے جائیں تو کیا آپ کو یہ پسند ہے کہ آپ داڑھی منڈے اٹھائیں جائیں اور ان سب کی داڑھیاں ہوں.

اللہ تعالی آپ کو اپنی پسند کے اور اپنی رضا و خوشنودی کے عمل کرنے کی توفیق نصیب فرمائے.

واللہ اعلم .